نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729,E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے کپاس کی منظور شدہ بی ٹی اقسام اور وقت کاشت بارے سفارشات جاری کردیں

لاہور،13اپریل2025: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کپاس کے کاشتکار بی ٹی اقسام آئی یو بی 13، سی کے سی۔1، سی کے سی۔3، حتف -3، سائم 32، سائم 102، آئی یو بی 222، بی ایس 20، ایم این ایچ- 1020، نیاب 545، سی آئی ایم 663، نیاب 878، نیاب 1048، ایف ایچ 490، آئی آر نبجی II اور بی ایس 15 جبکہ نان بی ٹی قسم نیاب کرن کی کاشت رواں ماہ کے دوران مکمل کریں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ بی ٹی اقسام کے ساتھ کم از کم 10 فیصد رقبہ نان بی ٹی اقسام بھی کاشت کریں تاکہ حملہ آور سنڈیوں میں بی ٹی اقسام کے خلاف قوتِ مدافعت پیدا نہ ہو سکے۔اس کے علاوہ کاشتکار کپاس کی دوسری منظور شدہ بی ٹی اور نان بی ٹی اقسام کا انتخاب اپنے علاقے، زمین کی قسم، پانی کی دستیابی اور محکمہ زراعت (توسیع) کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورے سے کریں۔کپاس کی کاشت ترجیحاً پٹڑیوں پر کریں جس کے لیے مشینی طریقہ اختیار کریں یا پٹڑیاں بنانے کے بعد ہاتھ سے چوپے لگائیں۔اگر کاشت ڈرل سے کرنی ہو تو قطاروں کا درمیانی فاصلہ اڑھائی فٹ رکھیں اور جب فصل کا قد ڈیڑھ سے دو فٹ ہو جائے تو پودوں کی ایک لائن چھوڑ کر دوسری لائن پر مٹی چڑھا کر پٹڑیاں بنا دیں۔پٹڑیوں پر کاشتہ فصل میں جڑی بوٹیوں کا انسداد آسان، کھادوں کا استعمال بہتر، پانی کی بچت اور بارشوں کے نقصان سے بچت ہوتی ہے۔

☆☆☆☆